30اگست 2021ء

اسٹیٹ بینک کی جانب سے نان ریزیڈنٹ پاکستانیوں کے لیے سرمایہ کاری کے مواقع میں اضافہ اور منی ٹرانسفر آپریٹروں کے ذریعے روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ میں رقوم کی آمد میں سہولت

بینک دولت پاکستان نے نان ریزیڈنٹ پاکستانیوں (این آر پیز) کو سرمایہ کاری اور فنانسنگ کے مزید مواقع فراہم کرنے کی غرض سے روپے پر مبنی روشن ڈجیٹل اکاؤنٹس (آرڈی اے) کے ذریعے پاکستان میں کمپنیوں کے حصص اور ایس ای سی پی کی لائسنس یافتہ پرائیویٹ فنڈ منیجمنٹ کمپنی کے تحت قائم اور آپریٹ کیے جانے والے پرائیویٹ فنڈ کے یونٹوں میں براہ راست سرمایہ کاری کرنے کی اجازت دے دی ہے۔ پاکستان کی ریئل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری میں سہولت دینے کے لیے آرڈی اے رکھنے والوں کو ان کے پاکستانی روپے میں اکاؤنٹ کے ذریعے ڈجیٹل ذرائع استعمال کرتے ہوئے فنانسنگ کی سہولت سے استفادے کی اجازت دی گئی ہے۔ مزید بر آں، روپے پر مبنی روشن ڈجیٹل اکاؤنٹ میں منی ٹرانسفر آپریٹروں کے ذریعے رقوم کی آمد کی اجازت دی گئی ہے۔

قبل ازیں پاکستانی روپے والے آرڈی اے میں رجسٹرڈ حکومتی تمسکات، اسٹاک ایکس چینج پر فہرست شدہ تمسکات، میوچل فنڈز، ریئل اسٹیٹ سیلف فنانسنگ اور بینکوں کے میعادی ڈپازٹ میں سرمایہ کاری کی اجازت تھی۔ مذکورہ تبدیلی سے سے نان ریزیڈنٹ پاکستانیوں کو نہ صرف سرمایہ کاری کے مزید مواقع فراہم ہوں گے بلکہ انہیں پاکستان میں بینکوں کی فنانسنگ کے ذریعے پراپرٹی خریدنے میں بھی سہولت ملے گی۔ اسی طرح، قبل ازیں آرڈی اے میں صرف بینکاری چینلز سے رقوم کے بہاؤ کی اجازت تھی۔ تاہم این آر پیز کی موصول شدہ رائے کی بنیاد پر بیرون ملک سے آرڈی اے میں منی ٹرانسفر آپریٹروں کے ذریعے رقوم کی آمد کی اجازت دی گئی ہے۔ اس اقدام سے خصوصاً ایسے نان ریزیڈنٹ پاکستانیوں کو ترسیلات زر بھیجنے کا ایک اور باسہولت اور باکفایت طریقہ فراہم ہو جائے گا، جن کے پاس بیرون ملک بینک اکاؤنٹ موجود نہ ہو۔

آرڈی اے کے ذریعے موصول شدہ ترسیلات پہلے ہی دو ارب ڈالر سے تجاوز کر چکی ہیں۔ اسٹیٹ بینک بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے اس اقدام پر اعتماد کرنے اور ان کے کردار کو بہت اہمیت دیتا ہے اور انہیں یقین دہانی کراتا ہے کہ وہ آرڈی اے کی خصوصیات میں اضافے کا عمل جاری رکھے گا، تاکہ یہ اکاؤنٹس بلارکاوٹ ان کی بینکاری ضروریات پوری کر سکیں۔

تفصیلات کے لیے براہ مہربانی یہ لنکس دیکھیے:

https://www.sbp.org.pk/epd/2021/FECL10.htm

https://www.sbp.org.pk/epd/2021/FECL11.htm

https://www.sbp.org.pk/epd/2021/FECL12.htm

https://www.sbp.org.pk/epd/2021/FECL13.htm

❊❊❊❊❊❊❊❊